DAILY CENTURY EXPRESS
روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ

Thursday March 8, 2012

حقوق نسواں کے دفاع کیلیے ورکنگ وومن فورم کا قیام

خواتین کسی بھی شعبے میں مردوں سے پیچھے نہیں، شانہ بشانہ فرائض سرانجام دے رہی ہیں

ملازمت پیشہ خواتین کے حقوق کا احترام یقینی بنایا جائے، عائشہ ودود، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خواتین کے حقوق کے دفاع کیلیے ورکنگ وومن فورم کا قیام کا اعلان کرتے ہوئے عائشہ ودود نے مطالبہ کیا ہے کہ ملازمت پیشہ خواتین کے حقوق کا احترام یقینی بنایا جائے۔کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بدلتے وقت کے ساتھ اب خواتین کسی بھی شعبے میں مردوں سے پیچھے نہیں بلکہ ان کے کندھے سے کندھا ملا کر اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہیں لیکن بدقسمتی سے ان کے حقوق کا تحفظ نہیں کیا جارہا ،فورم خواتین کو درپیش مسائل کے حل کیلیے نیٹ ورکنگ، ایڈووکیسی،معلومات ،اعدادوشمار کی یکجائی سمیت دیگر امور میں حکمت عملی طے کرے گا اور خواتین کے حقوق کے دفاع کے ساتھ ساتھ انھیں درپیش مسائل کے حل کے لئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گا۔

کوئٹہ: بلوچستان ورکنگ وومن فورم کی ارکان صائمہ ہارون ودیگر پریس کانفرنس کر رہی ہیں